M.Ed./E.T./2021

Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## ماسٹر آف ایجوکیشن (ایم۔ایڈ) انٹرنس ٹسٹ ۔2021

## Master of Education (M.Ed.) Entrance Test - 2021

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

نوٹ: یہ کتابچہ دو حصوں پر مبنی ہے۔ حصہ 'الف ) میں (i) علم تدریس (Pedagogy)' (ii) عام انگریزی (General English)' (iii) عصری تعلیمی مسائل (Contemporary Educational Problems)' (iv) تفہیمی صلاحیت (Comprehension) (v) اردو تحریری صلاحیت (Urdu Writing Ability)' جب کہ حصہ 'ب' میں (vi) تعلیم کی فلسفیانہ اور سماجی بنیادیں' (vii) تعلیم کی نفسیاتی بنیادیں' (viii) اطلاعاتی اور ترسیلی ٹکنالوجی' (ix) مدرسہ کا انتظام اور (x) ماحولیاتی تعلیم پر مشتمل ہے۔

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 20 صفحات پر مشتمل ہے۔آخر کے 3 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

# حصہ الف (Part A)

## (i) علم تدریس (Pedagogy)

-1 تدریس کا ایسا طریقہ جس میں طلبا واقعات اور حقائق کا تجزیہ کر کے کسی نتیجہ پر پہنچتے ہیں اور کوئی اصول یا کلیہ اخذ کرتے ہیں؟

A) بیانیہ
B) راست
C) استخراجی
D) استقرائی

-2 ڈالٹن پلان طریقہ کے موجد کون ہیں؟

A) ماریا مونٹیسری
B) جان ڈیوی
C) ہیلین پارکہرسٹ
D) جان ڈیوی اور ڈالٹن

-3 ہربرٹ کے ذریعے پیش کیے گئے منصوبہ سبق کی درست ترتیب درج ذیل میں کون سی ہے؟

A) تیاری، اطلاق، تعمیم، موازنہ و مماثلت، پیش کش
B) تیاری، تمہید، ترتیب، پیش کش، اعادہ
C) تیاری، پیش کش، موازنہ و مماثلت، تعمیم اطلاق
D) تمہید، ترتیب، تفصیل، توضیح، تعین قدر

-4 اسکولی تحصیلی جانچ کے مراحل کی درست ترتیب درج ذیل میں سے کون سی ہے؟

A) منصوبہ بندی، بلیو پرنٹ کی تیاری، سوالات لکھنا، جانچ کا انعقاد، جانچنا اور نشانات دینا، تعین قدر کرنا
B) منصوبہ بندی، سوالات لکھنا، بلیو پرنٹ کی تیاری، جانچ کا انعقاد، جانچنا اور نشانات دینا، تعین قدر کرنا
C) مقاصد کا تعین، مقاصد کی درجہ بندی، سوالات لکھنا، جانچ کا انعقاد، جانچنا اور نشانات دینا، تعین قدر کرنا
D) مقاصد کی درجہ بندی، منصوبہ بندی، بلیو پرنٹ کی تیاری، سوالات لکھنا، جانچ کا انعقاد، تعین قدر کرنا

-5 برین اسٹارمنگ کا تصور کس نے پیش کیا؟

A) جین پیاجے
B) ولیم ہاروے
C) الیکس آسبارن
D) ڈیوڈ اور روجر

-6 تصوراتی خاکہ سازی (Concept Mapping) تکنیک کا موجد کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

A) کلپیٹرک
B) ٹونی بوزان
C) جوزف ڈی نواک
D) فروبیل

-7 درج ذیل میں کس ماہر تعلیم کا تعلق تعلیمی مقاصد کی درجہ بندی سے نہیں ہے؟

(A بلوم      (B کریتھول

(C سمپسن      (D ولیم ہرڈ

-8 اگر کسی 10 سال کے طالب علم کی ذہنی عمر (Mental Age) 12 سال ہو تو اس کا I.Q. کتنا ہوگا؟

(A 83.3      (B 93.3

(C 120      (D 80

-9 ہندوستان میں مائیکرو ٹیچنگ کا تعارف سب سے پہلے کہاں کیا گیا؟

(A سینٹرل پیڈا گوجیکل انسٹی ٹیوٹ الہ آباد      (B این۔سی۔ای۔آر۔ٹی۔نئی دلّی

(C عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد      (D ریجنل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن، اجمیر

-10 عالمی یوم اساتذہ کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

(A 5، ستمبر      (B 5، اکتوبر

(C 5، نومبر      (D 5، دسمبر

## (ii)عام انگریزی
## (General English)

11. Look ____________ the window; there's a rainbow.

A) through      B) threw

C) though      D) from

12. Exact Antonym of the word 'approval' is -

A) denial      B) refusal

C) disapproval      D) acceptance

13. Pick the correct spelt word from the following:

A) acomodation      B) accomodation

C) accomadation      D) accommodation

14. Without the advice of the doctor ______________ medicines is dangerous.

A) takes      B) is taking

C) to take      D) taking

15. ‘It’s a piece of Cake’ what does this phrase mean?

A) It is soft
B) It is easy
C) It is sweet
D) It is smooth

16. Change the voice into Passive ‘Seema will invite Hema’.

A) Hema will have been invited by Seema.
B) Hema will invited by Seema.
C) Heena will have been invited by Seema.
D) Hema will be invited by Seema.

17. The one who looks at the brighter side of everything.

A) optimist
B) pessimist
C) opportunist
D) positivist

18. I ____________ your invitation with a lot of joy.

A) except
B) expect
C) accept
D) excess

19. Pick the odd one out from the following words:

A) obedient
B) truly
C) delightful
D) ambitious

20. Italy is ____________ European country.

A) a
B) an
C) the
D) of

## (iii) عصری تعلیمی مسائل (Contemporary Educational Problems)

21- گاندھی جی کی بنیادی تعلیم اسکیم کب پیش کی گئی؟

A) 1925ء
B) 1927ء
C) 1937ء
D) 1961ء

22- بھارت میں ابتدائی تعلیم میں 'Wastage' اور 'Stagnation' کے مسائل کی شناخت ـــــــــ کے ذریعے کی گئی۔

A) ہرٹاگ کمیٹی
B ووڈس ڈسپیچ
C) ہنٹر کمیشن
D) ثانوی تعلیمی کمیشن

-23 ویدک عہد میں تعلیم کا اہم مرکز کون سا تھا؟

A) پریاگ B) متھلا

C) ٹیکچھشلا D) کاشی

-24 شاہجہاں نے کس مسلم تعلیمی مرکز کو 'شیراز ہند' کہا تھا؟

A) آگرا B) الہ آباد

C) جونپور D) فتح پور

-25 بھارت میں سب سے پہلے کون سی عیسائی مشنریاں آئی تھیں؟

A) انگریز B) فرانسیسی

C) ڈچ D) پرتگالی

-26 NCTE کو قانونی درجہ کب ملا؟

A) 1990ء B) 1993ء

C) 1996ء D) 2001ء

-27 کریکولم فریم ورک فار کوالٹی ٹیچر ایجوکیشن کب شائع ہوا تھا؟

A) 1998ء B) 2002ء

C) 2005ء D) 2009ء

-28 DIET کے قیام کی سفارش کس نے کی تھی؟

A) تعلیمی کمیشن 1966 B) قومی تعلیمی پالیسی 1968

C) یش پال کمیٹی 1992 D) قومی تعلیمی پالیسی 1986

-29 قومی تعلیمی پالیسی 1986ء پروگرام آف ایکشن کا جائزہ کس کے ذریعے کیا گیا؟

A) قومی کمیشن برائے اساتذہ B) یشپال کمیٹی

C) رام مورتی کمیٹی D) ہنسا مہتا کمیٹی

-30 قومی تعلیمی پالیسی 2020ء کے ضمن میں کس عمر کے بچوں کو تعلیم کے حق قانون 2009 کے اندر رکھا گیا ہے؟

A) 06 سے 14 سال B) 03 سے 18 سال

C) 06 سے 21 سال D) 03 سے 14 سال

## (iv) تفہیمی صلاحیت (Comprehension)

ہر فرد میں مکانات کا ایک لامحدود سمندر رہوتا ہے۔ضرورت ہے فرد ان امکانات کو حقیقت میں تبدیل کرے۔امکانات کو حقیقت میں تبدیل کرنے کا سب سے بہترین وسیلہ تعلیم ہے۔سوامی ویوکانند نے کہا کہ " تعلیم ایک ایسا وسیلہ ہے جس کے ذریعے انسان کی کاملیت کا ظہور ہوتا ہے، جو اس کے اندر پہلے سے ہی موجود ہے۔" اپنے اندر کی کاملیت کو باہر نکالنے کے لیے فرد کو تعلیم سے اپنا رشتہ بہت مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔چونکہ موجودہ صدی معلومات، مہارت اور مطالعہ کی صدی ہے اس لیے بلندی حاصل کرنے کے لیے مطالعہ بہت ضروری ہے۔

نیویارک ٹائمس کی پانچ بیسٹ سیلر کتابوں کے مصنف ملیکم گلیڈ ویل نے اپنی تحقیق کی بنیاد پر یہ بتایا کہ کسی بھی معلومات، مہارت یا مطالعہ کے شعبے میں عالمی شخصیت بننے کے لیے 10 ہزار گھنٹوں کی محنت ضروری ہے۔اس کا سیدھا سیدھا مطلب ہے کہ جو بھی کام آپ کر رہے ہیں اس کام میں کاملیت حاصل کرنے کے لیے، اس کام میں عالمی پیمانے پر اپنی گنتی کرانے کے لیے، اس کام میں دیگر لوگوں سے بہت زیادہ آگے نکلنے کے لیے آپ کو اس کام میں 10 ہزار گھنٹے ایمانداری کے ساتھ وقف کرنے کی ضرورت ہے۔مثال کے طور پر آپ کو IIT، NEET، CLAT، GMAT، کا امتحان پاس کرنا ہے یا کسی مضمون میں عالمیت، فضیلت یا قابلیت حاصل کرنی ہے تو آپ کو اس کے لیے 10 ہزار گھنٹے وقف کرنا ضروری ہے۔اب ذرا حساب لگایئے اگر کسی مضمون کو آپ روازانہ صرف ایک گھنٹے پڑھتے ہیں تو اس مضمون میں ماہر بننے کے لیے آپ کو کتنے دن لگیں گے؟ اگر آپ اس مضمون کو روزآنہ دس گھنٹے پڑھتے ہیں تو اس مضمون میں ماہر بننے کے لیے آپ کو کتنے دن لگیں گے؟ بالکل صحیح حساب لگایا آپنے کہ روازانہ صرف ایک گھنٹے پڑھتے ہیں تو اس مضمون کا ماہر بننے کے لیے 10 ہزار دن لگیں گے اور اگر اس مضمون کو روازآنہ دس گھنٹے پڑھتے ہیں تو اس کا مطلب ہے اس مضمون کا ماہر بننے کے لیے صرف 1 ہزار دن لگیں گے۔آپ جانتے ہیں کہ ایک سال میں 365 دن ہوتے ہیں۔اس طرح 10 ہزار دن کا مطلب ہوا تقریباً 27 سال 5 ماہ اور 1 ہزار دن کا مطلب ہوا تقریباً 2 سال 9 ماہ۔اب یہ آپ کے ذوق و شوق پر منحصر ہے کہ آپ کتنے دن میں کامیاب ہونا چاہتے ہیں۔

اب آپ کے ذہن میں یہ سوال آ سکتا ہے کہ روزآنہ دس گھنٹے کی پڑھائی کرنا تو بہت مشکل کام ہے۔بات بالکل صحیح ہے کہ روزآنہ دس گھنٹے کی پڑھائی کرنا بہت مشکل ہے لیکن زندگی کو آسان بنانے کے لیے آپ کو یہ مشکل برداشت کرنا ہے۔یہ کام اگر صرف 2 سال 9 ماہ کر لیتے ہیں تو انشاءاللہ آپ کی آئندہ زندگی بہت آسان ہو جائے گی اور آپ ایک غیر معمولی انسان بن جائیں گے۔روزآنہ دس گھنٹے پڑھنے والا انسان کبھی معمولی ہو ہی نہیں سکتا اسے غیر معمولی بننا ہی پڑتا ہے۔آپ اپنے آس پاس کی دنیا کا مشاہدہ کیجئے آپ کو احساس ہوگا کہ دُکاندار کم سے کم 12 گھنٹے اپنی دکان پر محنت کرتا ہے، مزدور روزآنہ 10 گھنٹے سخت محنت کرتا ہے، آپ کو پڑھانے والے ٹیچر 6 گھنٹے اسکول یا کالج میں اور 4 سے 6 گھنٹے کتب خانہ یا اپنے گھر پر مطالعہ کرتے ہیں۔ڈاکٹر، انجینئر، وکیل سائنسداں غرض ہر شعبہ جات میں کام کرنے والے لوگ کم از کم دس گھنٹے کام کرتے ہیں۔بڑی بڑی کمپنیوں میں کام کرنے والے ملازمین بھی روزآنہ 12 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں۔لوگ اتنی سخت محنت اس لیے

کرتے ہیں کیوں کہ انہیں احساس ہے کہ وہ دُکاندار، مزدور، ٹیچر، ڈاکٹر، انجینئر، وکیل، سائنس داں یا ملازم ہیں۔ زندگی جینے کے لیے اور اس کا خرچ برداشت کرنے کے لیے لوگ یہ صعوبتیں برداشت کرتے ہیں۔ جس دن آپ کو یہ احساس ہوجائے گا کہ آپ طالب علم ہیں اس دن آپ بھی روزآنہ 10 گھنٹے پڑھنا شروع کردیں گے۔ اس بات کا احساس آپ کو جتنی جلدی ہوجائے اتنا ہی بہتر ہے۔ اگر احساس نہیں ہو رہا ہے تو پھر اس سے زیادہ محنت کرنے کے ساتھ ساتھ ایک معمولی زندگی جینے اور مختلف طرح کے تناؤ کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہوجایئے۔ آج نہیں تو کل آپ کو 10 گھنٹے سے زیادہ محنت کرنی ہی پڑے گی۔ اگر ابھی آپ کو احساس ہوگیا تو طالب علمی کے زمانے میں سخت محنت کرکے آپ اپنے خوابوں کو پورا کرسکتے ہیں۔ اگر احساس نہیں ہوا تو آئندہ آپ کو دوسروں کا خواب پورا کرنے کے لیے اس سے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔

دنیا میں آپ جتنے بھی بڑے لوگوں کا نام جانتے ہیں ان میں ایک خاص بات مشترک ہے اور وہ یہ کہ وہ بہت اچھے مطالعہ نگار رہے ہیں۔ موجودہ وقت کے سب سے امیر لوگوں میں شامل وارن بفیٹ روزآنہ 500 صفحات اور بل گیٹس ہر سال 50 کتابیں پڑھتے ہیں۔ اگر آپ بھی ایسا بننا چاہتے ہیں تو آپ کو بھی ترقی کا یہ آسان اور سب سے مزے دار راستہ اختیار کرنا پڑے گا۔ جارج مارٹن کا قول ہے کہ " کتابیں پڑھنے والا مرنے سے پہلے ہزاروں زندگیاں جیتا ہے "۔ جم ران نے کہا کہ " جو لوگ ترقی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے مطالعہ لازمی ہے۔"

لرننگ ایجنسی امریکہ کے سینئر رفیق اَلرِچ بوزر نے اپنی مشہور کتاب 'Learn Better' میں لکھا ہے کہ سیکھنے کے لیے پڑھنے سے زیادہ دہرانہ ضروری ہے۔ یعنی 10 کتابیں پڑھنے سے اچھا ہے کہ ایک ہی کتاب کو 10 بار پڑھا جائے۔ راجستھان سے تعلق رکھنے والے NEET-2019 کے ٹاپر 17 سالہ نَلِن کھنڈیلوال سے جب اس کی کامیابی کا راز پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ میں نے NCERT کی کتابوں کو بار بار پڑھا ہے اور مجھے لگتا ہے کہ اس سے باہر کا کچھ بھی NEET میں نہیں پوچھا جاتا۔

-31 عبارت کا مناسب مرکزی موضوع کیا ہوگا؟

A) فرد کی اہمیت
B) شخصیت کی اہمیت
C) کتابوں کی اہمیت
D) مطالعہ کی اہمیت

-32 سوامی ویوکانند نے کہا کہ " تعلیم ایک ایسا وسیلہ ہے جس کے ذریعے انسان کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

A) شخصیت کی نشوونما ہوتی ہے
B) کاملیت کا ظہور ہوتا ہے
C) ہمہ جہت نشوونما ہوتی ہے
D) وقوفی، تاثراتی اور نفسی حرکی نشوونما ہوتی ہے

-33 درج بالا متن کے مطابق اگر کسی مضمون کو آپ روزانہ صرف ایک گھنٹے پڑھتے ہیں تو اس مضمون میں ماہر بننے کے لیے آپ کو کتنے دن لگیں گے؟

A) تقریباً 27 سال 9 ماہ
B) تقریباً 7 سال 5 ماہ
C) تقریباً 27 سال 5 ماہ
D) تقریباً 2 سال 5 ماہ

34- روزآنہ دس گھنٹے پڑھنے والا انسان کبھی معمولی ہو ہی نہیں سکتا اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بننا ہی پڑتا ہے۔۔

A) غیر معمولی
B) معمولی
C) بڑا آدمی
D) عظیم شخصیت

35- ڈاکٹر، انجینئر، وکیل سائنسداں غرض ہر شعبہ جات میں کام کرنے والے لوگ کم ازکم ۔۔۔۔۔۔۔۔ گھنٹے کام کرتے ہیں۔

A) چودہ
B) بارہ
C) دس
D) آٹھ

36- دنیا میں جتنے بھی بڑے لوگ ہیں ان میں ایک خاص مشترکہ بات کون سی ہے؟

A) بہت اچھے مطالعہ نگار
B) بہت اچھے اخلاق
C) بہت زیادہ دولت
D) بہت زیادہ محنت

37- بل گیٹس ہر سال تقریباً کتنا پڑھتے ہیں؟

A) 500 صفحات
B) 50 صفحات
C) 50 کتابیں
D) 500 کتابیں

38- " کتابیں پڑھنے ولا مرنے سے پہلے ہزاروں زندگیاں جیتا ہے" یہ قول کس کا ہے؟

A) جارج مارٹن
B) بل گیٹس
C) وارن بفیٹ
D) نلن سریواستو

39- جم ران کا کون سا قول درج بالا مضمون میں نقل کیا گیا ہے؟

A) "جو لوگ مطالعہ کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے ترقی لازمی ہے۔"
B) "جو لوگ ترقی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے مثبت رویہ لازمی ہے۔"
C) "جو لوگ ترقی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے مہارت لازمی ہے۔"
D) "جو لوگ ترقی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے مطالعہ لازمی ہے۔"

40- لرننگ ایجنسی امریکہ کے سینئر رفیق الرِچ بوزر نے اپنی مشہور کتاب 'Learn Better' میں لکھا ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

A) سیکھنے کے لیے دوہرانے سے زیادہ پڑھنا ضروری ہے
B) دوہرانے کے لیے پڑھنے سے زیادہ سیکھنا ضروری ہے
C) پڑھنے کے لیے سیکھنے سے زیادہ دہرانہ ضروری ہے۔
D) سیکھنے کے لیے پڑھنے سے زیادہ دہرانہ ضروری ہے۔

# (v) اردو تحریری صلاحیت
# (Urdu Writing Ability)

41- درج ذیل جملے کے حصوں کو غور سے پڑھیے۔ جس حصے میں غلطی ہو اس کی نشاندہی کیجیے۔

A) پیشہ معلم    (B بہوت عزت

C) والا    (D پیشہ ہے۔

42- درج ذیل جملے کے حصوں کو غور سے پڑھیے۔ جس حصے میں غلطی نہ ہو اس کی نشاندہی کیجیے۔

A) اپنے موضوع کی    (B واضح، مدلل اور منزم

C) ترشیل کرنا    (D لاجمی ہے

43- درج ذیل جملے کے حصوں کو غور سے پڑھیے۔ جس حصے میں غلطی ہو اس کی نشاندہی کیجیے۔

A) سارے جہاں    (B سے اچھا

C) ہندوستاں    (D ہماری

44- درج ذیل جملے کے حصوں کو غور سے پڑھیے۔ جس حصے میں غلطی ہو اس کی نشاندہی کیجیے۔

A) میرا بھائی    (B اسکول

C) جاریا    (D تھا

45- درج ذیل جملے کے حصوں کو غور سے پڑھیے اور جس حصے میں غلطی نہ ہو اس کی نشاندہی کیجیے۔

<u>طلبا کی امتحان کاپی</u> 1   <u>جانچنے میں</u> 2   <u>معلم کا رویا</u> 3   <u>مصبت ہونا چاہیے</u> 4

A) 1    (B 2

C) 3    (D 4

46- مجھے میٹھا آم پسند ہے۔ اس جملے میں صفت کون سا لفظ ہے۔

A) مجھے    (B میٹھا

C) آم    (D پسند ہے۔

47- سروجنی نائیڈو کو بلبل ہند کہا جاتا ہے۔ اس جملے میں بل بل ہند ایک -------- ہے۔

A) لطیفہ    (B لقب

C) تعریف    (D تحسین

-48 صندوقچہ، باغیچہ، کتابچہ کس کی مثال ہے؟

A) اسم خاص
B) اسم آلہ
C) اسم مکبر
D) اسم مصغر

-49 درج ذیل میں کون سا جملہ صحیح ہے۔

A) مجھے کلکتہ جانا ہے
B) مجھے کلکتہ جانے کا ہے
C) میرے کو کلکتہ جانا ہے
D) میکو کلکتہ جانا ہے

-50 درج ذیل میں سے کون سا محاورہ صحیح نہیں ہے؟

A) ایک اور ایک گیارہ
B) دانے دانے کو محتاج ہونا
C) پاؤں دھودھو کر پینا
D) اندھیر نگری چوپٹ گاؤں

## حصہ ب (Part-B)

## (vi) تعلیم کی فلسفیانہ اور سماجی بنیادیں

-51 "فلسفہ سائنس کی سائنس ہے" یہ قول کس کا ہے؟

A) ہربرٹ اسپینسر
B) کامٹے
C) کانٹ
D) پلیٹو

-52 'فلسفہ نیایہ' کا موجد کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

A) مہارشی کرناد
B) مہارشی پتانجلی
C) مہارشی گوتم
D) مہارشی کپل

-53 عملیت پسند فلسفہ میں تعلیم کے کس پہلو پر سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے؟

A) جسمانی
B) سماجی
C) روحانی
D) معاشی

-54 ویویکانند کے مطابق مطالعہ کا سب سے اچھا طریقہ کون سا ہے؟

A) براہ راست　　B) تجربہ

C) تبادلہ خیال　　D) یوگ

-55 ماہر تعلیم اور فلسفی فروبیل کس ملک میں پیدا ہوئے؟

A) امریکہ　　B) انگلینڈ

C) جرمنی　　D) فرانس

-56 عمرانیات اور تعلیمی عمرانیات کے موجد بالترتیب ہیں:

A) کامٹے، جارج پائن　　B) ہربرٹ اسپینسر اور جان ڈیوی

C) ولیم جیمس اور رابرٹ بینڈورا　　D) گتھری اور ہرشیلڈ

-57 تعلیمی نقطہ نظر سے بھارتیہ سماج میں کون لوگ شامل ہیں؟

A) بھارت کے سبھی بچے　　B) بھارت کے سبھی مذاہب کے لوگ

C) ایسے تمام بچے جو اسکولوں میں زیر تعلیم ہیں　　D) بھارت کی پوری آبادی

-58 درج ذیل میں کون سا قول صحیح نہیں ہے؟

A) تعلیم سماجی حرکیات کا اہم وسیلہ ہے۔　　B) جدت کاری کا مطلب مغربیت نہیں ہے۔

C) سماجی تبدیلی تعلیم کو متاثر کرتی ہے۔　　D) تعلیم سماجی بندشوں کو توڑنے میں مدد نہیں کرتی ہے۔

-59 کس آئینی ترمیم کے ذریعے تعلیم کو مشترکہ فہرست میں شامل کیا گیا۔

A) 40ویں　　B) 42ویں

C) 44ویں　　D) 45ویں

-60 "اسکول ایک مخصوص ماحول ہے۔" یہ قول کس کا ہے؟

A) فروبیل　　B) نن

C) اوٹاوے　　D) جان ڈیوی

# (vii) تعلیم کی نفسیاتی بنیادیں

-61 "تعلیمی نفسیات، تعلیم کے میدان میں نفسیات کی دریافتوں اور اصولوں کا استعمال ہے۔" یہ قول کس کا ہے؟

A) ولیم جیمس　　B) ہکینز

C) تھارن ڈائیک　　D) کولیسنک

-62 درج ذیل میں کون سا قول درست نہیں ہے؟

A) تعلیمی نفسیات، نفسیات کی ایک شاخ ہے　　B) تعلیمی نفسیات ایک عملی نفسیات ہے

C) تعلیمی نفسیات کی مدد سے تعلیمی عمل کو موثر بنایا جاسکتا ہے　　D) نفسیات، تعلیمی نفسیات کی دریافتوں پر محیط ہے

-63 'والدین کی جسمانی اور ذہنی خصلتوں کا بچوں میں منتقل ہونا۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

A) توارث　　B) ماحول

C) درج بالا دونوں　　D) درج بالا کوئی نہیں

-64 "زمانہ نو بلوغت شدید دباؤ، تناؤ، طوفان اور جدوجہد کا زمانہ ہے۔" یہ قول کس کا ہے؟

A) شیلڈن　　B) کارل روجر

C) اسٹینلے ہال　　D) ای۔جی۔ولیمسن

-65 مشہور ماہر نفسیات جین پیاجے کا تعلق کس ملک سے تھا؟

A) امریکہ　　B) جرمنی

C) سوئٹزرلینڈ　　D) انگلینڈ

-66 شناخت بمقابلہ الجھن اریکسن کے نظریہ کا کون سا مرحلہ ہے؟

A) دوسرا　　B) تیسرا

C) چوتھا　　D) پانچواں

-67 کتاب 'Verbal Behaviour' کا مصنف کون ہے؟

A) نوم چومسکی　　B) اسکینر

C) پاولو　　D) تھارڈائیک

68- کس ماہرنفسیات نے جسمانی بناوٹ کی بنیاد پر شخصیت کی درجہ بندی کی ہے؟

A) شیلڈن  B) الپورٹ

C) جنگ  D) کریشمر

69- درج ذیل میں کون سا اصول تھارنڈائیک کے سیکھنے کے ابتدائی اصولوں میں شامل نہیں ہے؟

A) رویہ کا اصول  B) اثر کا اصول

C) مشق کا اصول  D) آمادگی کا اصول

70- اکثر سائنس کا علم مذہب کے علم کو سیکھنے میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے، یہ کس طرح کی اکتساب کی منتقلی کی مثال ہے؟

A) افقی  B) عمودی

C) منفی  D) مثبت

## (viii) اطلاعاتی اور ترسیلی ٹیکنالوجی

71- LCD کا مخفف ہے؟

A) Light Crystal Dispaly  B) Liquid Crystal Dispaly

C) Light Clear Dispaly  D) Light Crystal Desktop

72- "Wiki Wiki" کس زبان کا لفظ ہے؟

A) English  B) Latin

C) Greek  D) Hawaiian

73- نیٹ کے سماجی آداب کو کیا کہتے ہیں؟

A) Netiquettes  B) Netetiquettes

C) Newtiquettes  D) Etiquettes

74- انٹرنیٹ پر دستیاب مواد کی صداقت کی جانچ کے اصول میں کون شامل نہیں ہے؟

A) درستگی، معروضیت،  B) اختیار، اعتمادیت

C) معتبریت، کرنسی  D) وکی وکی، ڈبلیوڈبلیو

75- ایک گیگا بائٹ ۔۔۔۔۔۔۔ کے برابر ہوتا ہے۔

(A 1024 میگا بائٹس
(B 1024 کیلو بائٹس
(C 1024 ٹیرا بائٹس
(D 1024 بائٹس

76- درج ذیل میں کون سا اوپن سافٹ ویئر نہیں ہے؟

(A MS-Word
(B Windows
(C Mozilla Firefox
(D Power Point

77- ڈاٹا بیس WOS کا پورا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A Web of Science
(B Web of Source
(C Web of Service
(D World of Science

78- جب کوئی text غائب یا ختم ہو جائے تو اس کو دوبارہ لانے کے لیے کون سی شارٹ کٹ کی کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(A Ctrl+X
(B Ctrl+Z
(C Ctrl+V
(D Ctrl+O

79- درج ذیل میں کون سا فائل Extension امیج فائل کا نہیں ہے؟

(A JPG
(B PNG
(C JPEG
(D MPEG

80- Cybernetics کا استعمال سب سے پہلے کس نے کیا تھا؟

(A Waren Weaver
(B Norbert Wiener
(C Edger Dale
(D Claude E. Shannan

## (ix) مدرسہ کا انتظام

81- نظم ونسق (Administration) لاطینی زبان کے لفظ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے ماخوذ ہے۔

(A Admin

(B MInister

(C Ministic

(D Tration

82- درج ذیل میں کون سا قول درست ہے؟

(A تعلیمی انتظام ایک جدید تصور ہے۔

(B تعلیمی انتظام جمہوری، غیر مرکزیت اور شمولیت پر زور دیتا ہے۔

(C تعلیمی انتظام جدت پسندی کا حامی ہے۔

(D درج بالا سبھی

83- MHRD کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A 26، ستمبر 1982ء

(B 26، ستمبر 1985ء

(C 26، ستمبر 1988ء

(D 26، ستمبر 1993ء

84- سینٹرل ایڈوائزری بورڈ آف ایجوکیشن (CABE) کا صدر کون ہوتا ہے؟

(A وزیر اعظم

(B یونین وزیر برائے تعلیم

(C یو۔جی۔سی۔چیئرمین

(D این۔سی۔ای۔آر۔ٹی۔چیئرمین

85- سینٹرل ایڈوائزری بورڈ آف ایجوکیشن کی عمارت کمیٹی نے ہائر سکینڈری اسکول کے لیے 320 بچوں کی تعداد پر کل کتنے عمارتی رقبہ کا تعین کیا ہے؟

(A ایک ایکڑ

(B دو ایکڑ

(C تین ایکڑ

(D چار ایکڑ

86- اسکولی عمارتوں کی وضع میں کون سی شکل شامل نہیں ہے؟

(A M

(B E

(C H

(D T

87- حکومت کی جانب سے افراد یا خانگی اداروں کو دی جانے والی گرانٹ ان ایڈ میں ۔۔۔۔۔۔ شامل نہیں ہوتی۔

(A جنرل گرانٹ (General Grant)

(B مخصوص گرانٹ (Specific Grant)

(C متناسب گرانٹ (Proportional Grant)

(D درج بالا کوئی نہیں

88- AICTE کا پورا نام کیا ہے؟

(A All India Council of Technical Education

(B All India Committee of Technical Education

(C All India Council of Teacher Education

(D All India Council of Technical Empowerment

89- بھارت کے موجودہ وزیر تعلیم کون ہیں؟

A) ایم۔ایم۔پلم راجو　　(B رمیش پوکھریال

C) پرکاش جاویڈکر　　(D دھرمیندر پردھان

90- درج ذیل میں کون سا بحران (Crisis) کی خصوصیات میں شامل ہے؟

A) ہنگامی حالات　　(B غیر یقینی کیفیت

C) غیر متوقع　　(D درج بالا سبھی

## (x) ماحولیاتی تعلیم

91- وٹامن A کا کیمیائی نام کیا ہے؟

A) ریٹینال　　(B تھائمین

C) نیاسین　　(D ٹوکوفیرال

92- 3 دسمبر 1984ء کو بھوپال کی یونین کاربائڈ فیکٹری میں کون سی گیس کا اخراج ہوا تھا ؟

(A NO　　(B CO

(C MOC　　(D MIC

93- درج ذیل میں کس آلہ سے پانی کی سطح پر تیل کی موجودگی معلوم کی جاتی ہے؟

A) ہائیڈرومیٹر　　(B گائیرواسکوپ

C) گریوی میٹر　　(D ہائیگرومیٹر

M.Ed./E.T./2021

94- ہائیڈروجن بم کی ایجاد کب ہوئی ؟

A) 1945ء میں B) 1952ء میں

C) 1955ء میں D) 1962ء میں

95- ماحول کے مطالعے کے لیے درج ذیل کمیتی آلات میں کون شامل نہیں ہے؟

A) تجرباتی طریقہ B) تاریخی طریقہ

C) منصوبے کا طریقہ D) کراس سیکشنل طریقہ

96- ماحولیاتی سلسلہ مراتب(Ecological Hierarchy) میں سب سے ادنیٰ سطح پر۔۔۔۔۔۔۔آتا ہے۔

A) Tissue B) Cell

C) Molecules D) Atoms

97- درج ذیل میں کون سا غذائی سلسلہ درست ہے؟

A) گھاس—> ٹڈّا —> مینڈک—>سانپ—>چیل B) گھاس—> ٹڈّا —> سانپ—> مینڈک—> چیل

C) گھاس —> ٹڈّا—> مینڈک—> گھوڑا—> چیل D) گھاس—> سانپ —> مینڈک—> ٹڈّا —>ل

98- بھاکھڑا ننگل باندھ کہاں بنایا گیا ہے؟

A) اترا کھنڈ میں بھاگیرتھی ندی پر B) پنجاب میں بیاس ندی پر

C) اڑیسہ میں مہاندی پر D) پنجاب میں ستلج ندی پر

99- درج ذیل میں وہ کون سی دوا ہے جس میں کاربن اور کلورین شامل ہوتی ہیں؟

A) DTH B) HTH

C) Parathion D) Ethion

100- درج ذیل میں سے کون سی گیس خاص طور پر گرین ہاؤس گیسوں میں شامل نہیں ہے؟

A) میتھین B) کاربن ڈائی آکسائیڈ

C) نائٹرس آکسائیڈ D) سلفر ڈائی آکسائیڈ

☆☆☆

Rough Work

Rough Work

Rough Work